تمارین 4

1. دو مرتبہ بلند آواز میں پڑھیں اور ترجمہ کیجئیے۔

اَلرَّسُوْلُ ، اَلبَيْتُ ، بَقَرَةٌ ، اَلْجِدَارُ

2)- اسم معرفہ کے اوپر دائرہ ◯ بنا کر اور اسم نکرۃ کے کے اوپر ☐ بنا کر نشان دہی کیجئے۔اور ان کا ترجمہ کیجئے۔

بَيْتٌ، اَلْبَحْرُ، شَعْرٌ، اَلْمُسْلِمُ، اَلْقَمَرُ

3)- حرکات لگائیے۔

جدار ، القلم ، ، الدرس ، الرسول ، ، بیت ،

4)- عربی میں ترجمہ کیجئے۔

فلاں قلم، خاص سبق، کوئی ایک دیوار، خاص سمندر، متعین گائے

5)- باب الرَّیان، باب نمبر 1، حدیث نمبر "2" میں اسم معرفہ پر نشان ◯ لگائیے۔

عَن اَبِى هُرَيرَةَ رَضِىَ اللهُ عَنہ اَنَّ اَعرَابِيّاً اَتَى النَّبِىَّ ﷺ فَقَالَ دُلَّنِى عَلٰى عَمَلٍ اِذَا عَمِلتُہٗ دَخَلتُ الجَنَّۃَ، قَالَ تَعبُدُاللهَ لَا تُشرِكُ بِہٖ شَيئاً وَ تُقِيمُ الصَّلَاةَ المَكتُوبَةَ

DARULIMAAN INSTITUTE

DAR UL IMAAN INSTITUTE

وَتُؤَدِّی الزَّكَاةَ المَفرُوضَۃَ وَتَصُومُ رَمَضَانَ قَالَ وَالَّذِی نَفسِی بِيَدِهٖ لَا أَزِيدُ عَلٰى هٰذَا فَلَمَّا وَلّٰى قَالَ النَّبِیُّ ﷺ   مَن سَرَّهٗ اَن يَنظُرَ اِلٰى رَجُلٍ مِن اَهلِ الجَنَّۃِ فَليَنظُر اِلٰى هٰذَا۔   البخاری

6)۔ فذکرونی دعا نمبر 49 کو پڑھیے اور همزة الوصل پر ◯ نشان لگایئے۔

اَللّٰهُمَّ ارزُقنِی التَّفَكُّرَ وَ التَّدَبُّرَ بِمَا يَتلُوهُ لِسَانِی مِن كِتَابِکَ، وَالفَهمَ لَهٗ، وَالمَعرِفَةَ بِمَعَانِيهٖ، وَالنَّظَرَ فِی عَجَآئِبِهٖ، وَالعَمَلَ بِذٰلِکَ مَا بَقِيتُ، اِنَّکَ عَلٰى كُلِّ شَیءٍ قَدِيرٌ ۔

7)۔ سورۃ یٰسین آیت نمبر 1 تا 10 سے نہ پڑھا جانے والا "لام شمسی" پر ☐ لگائیں۔

يٰسٓ ﴿١﴾ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۙ﴿٢﴾ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۙ﴿٣﴾ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ؕ﴿٤﴾ تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۙ﴿٥﴾ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ﴿٦﴾ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٧﴾ اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ﴿٨﴾ وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿٩﴾ وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿١٠﴾

8)۔ درج ذیل سوالات کا جواب دیجیے۔

1۔ اَلْ کے "اَ" کا نام بتایئے؟

2۔ الف لام "ال" کو کیا کہتے ہیں؟

DARULIMAAN INSTITUTE

3-اسم معرفہ کسے کہتے ھیں؟

4-جس لفظ پر "الف لام" آئے اُسے کیا کہتے ہیں؟

5 ۔مُعَرَّف بِلّام کے معنی بتائیں؟

6-علامتِ اسم کیا ہے؟

7-اسم معرفہ کی علامت کیا ہے؟

8-ہمزۃ الوصل کسے کہتے ہیں؟

9) مکمل کیجئے۔

1-اگر اسم نکرۃ کے شروع میں الف لام "ال" آجائے تو-----------

2-الف لام "ال" کا الف "ا" اسی وقت پڑھا جائے گا جب---------------

3-الف "ا" پر جب کوئی علامت یا حرکت آجائے تو-----------

4-ہمزۃ الوصل جب کسی دوسرے بعد میں آنے والے حرف سے ملایا جائے تو------
----

5-اگر الشمس کے شروع میں الف لام "ال" کالام آجائے تو-----------

10- صحیح یا غلط کی نشان دہی √ یا × سے کریں۔

DARULIMAAN INSTITUTE

DAR UL IMAAN INSTITUTE

1–اسم کی علامتیں ہیں تنوین ٍ اور الف لام کا "ال"

2–ہمزۃ الوصل ہر حال میں باقی رہتا ہے۔

3–الف "ا" پر جب کوئی علامت یا حرکت دی جائے تو یہ مکمل الف بن جاتا ہے۔

4–الشمس کا لام "ل" پڑھا جاتا ہے۔

5–متعین اسم کی علامت الف لام "ال" ہے۔

6–اَلْقَمَرُ کا لام "ل" نہیں پڑھا جاتا۔

7–غیر متعین اسم کی علامت تنوین ً ٍ ہے۔

8–ہمزۃ الوصل کی علامت و ہے۔

9–کسی اسم پر الف لام "ال" اور تنوین ٍ اکٹھے نہیں آتے۔

10–الف لام "ال" کے لیے انگلش میں "THE" آتا ہے۔

11–کوئی اسم بیک وقت اسم معرفہ اور اسم نکرۃ ہو سکتا ہے۔

12–علم الصرف میں صیغوں کی پہچان ہوتی ہے اور فعل کے درست استعمال پر بحث ہوتی ہے۔

13–الف لام "ال" کا ہر جگہ ترجمہ کرنا ضروری ہے۔

DARULIMAAN INSTITUTE